50047 ـ جو كوئي اپنےكسي مالدار عزير كا روزہ افطار كروائے توكيا اسے افطاري كروانےكاثواب حاصل ہوگا

سوال

ميري گزارش ہے كہ آپ مجھےمعلومات فراہم كريں كہ اگر ميں اپنےكسي مالدار عزيز كي افطاري كراوں تو كيا يہ اس حديث كےضمن ميں آئے گا (جس نے كسي روزہ دار كي افطاري كروائي اسے ..... الحديث) ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

يہ حديث امام ترمذي رحمہ اللہ نے زيد بن خالد الجھني رضي اللہ تعالي عنہ سے روايت كي ہے وہ بيان كرتےہيں كہ رسول كريم صلي اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

(جس نے بھي كسي روزہ دار كا روزہ كھلوايا اسے اس (روزہ دار) جتنا ہي اجرو ثواب حاصل ہوگا اور روزہ دار كےاجروثواب ميں كچھ كمي نہيں كي جائےگي).

علامہ الباني رحمہ اللہ نے صحيح ترمذي ميں اسے صحيح قرار ديا ہے.

اور يہ حديث عام ہے جس ميں ہرروزہ دار چاہے وہ مالدار ہو يا فقير شامل ہے اور اس ميں قريبي رشتہ دار وغيرہ بھي شامل ہوتےہيں .

ديكھيں: فيض القدير للمناوي حديث نمبر (8890) كي شرح

بلكہ بعض اوقات قريبي رشتہ دار اورعزيز كي افطاري كروانا زيادہ اجرو ثواب كا باعث ہوگا اس ليے كہ اس سے افطاري كروانے كا ثواب بھي حاصل ہو گا اور صلہ رحمي كا بھي اجرملےگا, ليكن جب رشتہ دار كےعلاوہ كوئي دوسرا شخص فقير ہو اور افطاري كےليے اس كےپاس كچھ نہ ہو تو اس حالت ميں اس فقير كي افطاري كروانا زيادہ اجروثواب كا باعث ہوگا كيونكہ اس ميں اس كي ضرورت وحاجت پوري ہورہي ہے .

يہ اسي طرح ہے جس طرح قريبي رشتہ دار فقير شخص پر صدقہ كرنا كسي غير رشتہ دارفقير سے زيادہ افضل ہے .

امام ترمذي اور ابن ماجۃ رحمہما اللہ تعالي نے سلمان بن الضبي رضي اللہ تعالي عنہ سے روايت كيا ہے كہ رسول

كريم صلي الله عليه وسلم نےفرمايا:

(مسكين شخص پر صدقه كرنا صرف صدقه ہے، اور رشته دار پر دو ايك تو صدقه اور دوسرا صله رحمي) علامه الباني رحمه الله تعالي نے صحيح ابن ماجة ميں اسے صحيح قرار ديا ہے.

حافظ ابن حجر رحمه الله تعالي نے فتح الباري ميں كہاہےكہ:

" يه لازم نہيں كه قريبي رشته دار كوہبه (يعني قريبي كوہديه دينا) كرنا مطلقاافضل وبہتر ہے كيونكه يه احتمال ہےكه ہوسكتا ہے مسكين محتاج اور ضرورتمند ہو اور اس سے اسے نفع دينا متعدي ہو اور دوسرا اس كےبرعكس اھ كچھ كمي وبيشي كےساتھ

خلاصه يه ہےكه:

قريبي رشته دار كي افطاري كروانا بھي نبي صلي الله عليه وسلم كےاس فرمان (جس نے كسي روزه دار كي افطاري كروائي اسے بھي اس كےاجروثواب جتنا ہي ملےگا) ميں شامل ہے، بلكه بعض اوقات كسي دوسرے كي بجائے قريبي رشته دار كي افطاري كرواني زياده اجروثواب كا باعث ہے اور بعض اوقات اس كےبرعكس، ہر ايك كي ضرورت كےحساب اور اس كي افطاري پر مرتب شده مصالح كےاعتبار سے .

والله اعلم .